© rasailojaraid.com

ہے اہل علم اس کی قدر دانی کریں گے۔ کتاب کی طباعت، سیٹنگ، کاغذ وغیرہ درمیانہ اور ٹائٹل دلکش ہے۔

**دراسات في معرب القرآن الكريم:** تالیف: سجاد ابن الحجابی۔ ناشر: بیت العلم ٹرسٹ۔ صفحات: ۳۴۳۔ سائز: 23×36/16۔ قیمت: درج نہیں۔

قرآن کریم میں غیر عربی کلمات موجود ہیں یا نہیں؟ اس بابت دو قول زیادہ مشہور ہیں۔ ایک قول انکار کا ہے اور دوسرا قول اثبات کا ہے۔ منکرین کے سرخیل امام شافعیؒ ہیں، ابن عطیہؒ، ابن فارس لغویؒ، ابو عبیدہ اور ابن حاجبؒ وغیرہ اساطین علم بھی ان کے ہمنوا ہیں۔ جب کہ مثبتین میں سعید بن جبیرؒ، ابن قتیبہؒ، ابن حجرؒ، سیوطیؒ، تاج الدین سبکیؒ اور جمہور علماء وفقہاء شامل ہیں۔ بعض حضرات مثلاً امام رازیؒ، امام کرمانیؒ وغیرہ کا ان کلمات کی بابت موقف یہ ہے کہ یہ کلمات معرَّب نہیں، بل کہ یہ توارد لغتین کے قبیل سے ہیں۔ جب کہ کچھ حضرات مثلاً ابو عبیدہ قاسم بن سلام ہرویؒ، جوالیقیؒ، ابن جوزیؒ، قرطبیؒ، زمخشریؒ وغیرہ نے دونوں اقوال کے درمیان یہ تطبیق دی ہے کہ اس طرح کے کلمات عجمی الاصل ہیں، مگر حالاً عربی ہیں۔ یہ بہت بہترین تطبیق ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ فریقین کے درمیان یہ نزاع لفظی ہے، حقیقی نہیں۔

اس موضوع پر قرآن کریم کے دیگر گوشوں ونواحی کے مقابلے میں بہت کم علمی کام ہوا ہے۔ امام سیوطیؒ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے سب سے پہلے اس موضوع پر مستقل کتاب "المهذب فيما وقع في القرآن من المعرَّب" تالیف کی۔ جس میں انہوں نے ۱۲۵ قرآنی کلمات کو معرَّب قرار دیا۔ مگر ظاہر ہے کہ ان کی یہ تحقیق حرف آخر نہیں تھی اور نہ ہی انہوں نے اس بابت "استیعاب" کا دعویٰ کیا تھا۔ البتہ انہوں نے بعد میں آنے والوں کے لئے "خشت اول" رکھ دی تھی۔

زیر تبصرہ کتاب اسی خشت اول کا تسلسل ہے۔ اس کتاب میں فاضل مولف نے قرآن کریم میں ۱۶۶ کلمات کے معرَّب ہونے کی نشان دہی کی ہے۔ اور کہا ہے کہ مزید بحث وتمحیص کے نتیجے میں یہ تعداد بڑھ بھی سکتی ہے۔ فاضل مولف نے اپنی کتاب کو ایک تمہید، ایک مقدمہ، تین ابواب اور ایک خاتمہ پر مرتب کیا ہے۔ تمہید میں اس علم کی اہمیت ومرتبہ اور اپنے اسلوب نگارش پر روشنی ڈالی ہے۔ مقدمہ میں "معرَّب" کے موضوع پر سابقہ تحقیقات اور علمی کام کا ذکر کیا ہے۔ پہلا باب دس فصول پر مشتمل ہے۔ جس میں معرَّب، دخیل، مولد کی پہچان دخیل کے قواعد وضوابط کی پہچان، قرآن کریم میں معرَّب کے وقوع وعدم وقوع سے متعلق اختلاف اور فریقین کے مواقف کے درمیان تطبیق، قرآن کریم میں وقوع معرَّب کی حکمت، قرآن کریم میں کلمات معرَّبہ کی تعداد وغیرہ امور کو زیر بحث لایا گیا ہے، باب دوم دو فصلوں پر مشتمل ہے، جس میں اللہ تعالیٰ کے تین اور انبیاء کرام علیہم السلام کے پچیس اسماء کے معرَّب ہونے کی نشان دہی کی گئی ہے۔ تیسرا باب حروف تہجی کی ترتیب سے قرآن کریم میں واقع ہونے والے معرَّب کلمات کے بارے میں ہے۔ اور خاتمہ مؤلف کے تحقیقی مطالعہ کے اہم نتائج پر مشتمل ہے۔ فاضل مؤلف قابل رشک ٹھوس علمی صلاحیتوں کے مالک اور عربی کے جدید اسلوب وتعبیرات سے واقف ہیں۔ بلا مبالغہ ان کی یہ کتاب اس موضوع پر ہمارے علم میں کسی بھی زبان میں جامع ترین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور انتہائی مستند کتاب ہے۔ کتاب میں کوئی تحقیق بلاحوالہ بیان نہیں کی گئی۔ کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ فاضل مؤلف کو زیر بحث موضوع پر مکمل دسترس اور کلی بصیرت حاصل ہے اور کتاب کی تیاری میں انہوں نے بڑی جاں گسل محنت اٹھائی ہے۔ امید ہے کہ اہل علم ونظر کے لئے یہ کتاب باعث دلچسپی ہوگی۔ کتاب کی طباعت، ٹائٹل، سیٹنگ میں سلیقہ مندی پائی جاتی ہے۔

**پچاس دعائیں:** مولانا محمد حنیف عبدالمجید نے اپنی کتاب ''پریشان رہنا چھوڑ دیجئے'' میں ایسی پچاس دعائیں بھی جمع کی ہیں جن کی ابتداء ''اللهم إني أعوذبك'' سے ہوئی ہے۔ احباب دارالہدیٰ نے ان پچاس تعوذات کو الگ سے کتابی شکل دے کر شائع کیا ہے۔ اس مجموعے میں دنیا وآخرت کی تمام بھلائیوں کو طلب کرنے، محتاجی، غم و پریشانی، عاجزی و کاہلی، مخلوق کے شر اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے بچنے کی دعائیں موجود ہیں۔ تمام مسلمانوں کو چاہئے کہ ان دعاؤں کو حرزِ جاں بنا کر ان کو ہر روز بلاناغہ صبح وشام پڑھنے کا معمول بنائیں۔ ۶۸ صفحات کا یہ کتابچہ مکتبہ دارالہدیٰ اردو بازار کراچی نے شائع کیا ہے۔

**صرف پانچ منٹ کا مدرسہ:** ترتیب: علماء دینیات اسکول ممبئی، ہند۔ ناشر: مکتبہ دارالہدیٰ اردو باراز کراچی۔ ضخامت: دو حصے، ۸۲۳ صفحات تقریباً۔ سائز: 20×30/8۔ قیمت: 300 روپے۔

امت کے لئے درد دل اور سوز دروں رکھنے والے علماء اور اولیاء امت نے ہر زمانے میں لوگوں کی اصلاح وتربیت کے لئے مختلف شرعی طریقے اختیار کئے، تاکہ امت جہالت اور عیش پسندی سے نکل کر دین کی طرف آئے۔ زیر نظر کتاب ''صرف پانچ منٹ کا مدرسہ، قرآن وحدیث کی روشنی میں'' اسی سنہری سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں دس عنوانات ہیں: اسلامی تاریخ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ، ایک فرض کے بارے میں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت، ایک نفلی عمل کی فضیلت، ایک گناہ کے بارے میں، دنیا کے بارے میں، آخرت کے بارے میں، قرآن اور طب نبوی سے علاج، قرآن کی نصیحت۔ کتاب کی تالیف وترتیب سے مقصد یہ ہے کہ مختصر وقت میں امت کے سامنے دس قسم کی دین کی اہم وضروری باتیں آجائیں، تاکہ امت میں دین کا شعور، اس کو سیکھنے اور اس پر عمل کرنے کا شوق ورغبت پیدا ہو۔ علمی آگہی اور دینی تربیت کے لئے یہ کتاب عام مسلمانوں کے لئے بہترین تحفہ ہے۔ جو قاری کا کم وقت لے کر اس کو بہت کچھ دے گی۔ کتاب کی معلومات میں تنوع اور دلچسپی کی وجہ سے قاری کو اس کے مطالعہ سے اکتاہٹ نہیں ہوگی۔ خصوصاً ائمہ وخطباء حضرات روزانہ پانچ منٹ اس کتاب کی تعلیم کر کے عام مسلمانوں کو خاطر خواہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ، ٹائٹل، سیٹنگ، طباعت اور کاغذ سب میں سلیقہ مندی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com